رہبر معظم سے سری لنکا کے صدر اور اس کے ہمراہ وفد کی ملاقات - 16 /May/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے آج سہ پہر کو سری لنکا کے صدر مہیندراراجا پاکسہ اور اس کے ہمراہ وفد سے ملاقات میں دونوں ممالک کے گہرے روابط کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: ایران اور سری لنکا کے روابط قدیم اور مضبوط بنیادوں پر استوار رہے ہیں لیکن آج دونوں ممالک کے باہمی تعلقات پہلے سے کہیں زیادہ اچھی اور مطلوب سطح پر ہیں کیونکہ دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعاون کو فروغ دینے کے لئے آج تمام راہیں ہموار ہیں۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے حکومت سری لنکا کی طرف سے اندرونی مشکلات پر قابو پانے اور مسئلہ فلسطین کی حمایت کرنے کے سلسلے میں تعریف و تمجید کرتے ہوئے فرمایا: فلسطین ایک مظلوم قوم ہے جس پر ہر طرف سے ظلم و جفا ہورہا ہے اور اسرائیلی جلاد اور موذی دشمن، امریکہ کی مکمل حمایت اور تمام وسائل استعمال کرتے ہوئے ان کے حقوق پائمال کررہا ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی نے اسی سلسلے میں فرمایا: تمام لوگ جو اپنے ملک میں کسی اہم عہدے پر فائز ہیں انھیں فلسطین کی حمایت کے سلسلے میں اپنا اہم نقش ایفا کرنا چاہیے۔

رہبر معظم نے اس امید کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: سری لنکا کے صدر کا دورہ تہران تمام شعبوں میں دونوں ممالک کے باہمی تعلقات کو فروغ دینے کا باعث بننا چاہیے۔

اس ملاقات میں نائب صدر رحیمی بھی موجود تھے اس موقع پر سری لنکا کے صدر مہیندر راجا پاکسہ نے کہا:ہم نے گذشتہ برسوں سے فلسطینی قوم کے ساتھ دوستی کا آغاز کیا ہے اور عالمی سطح پر فلسطین کی مظلوم عوام کی حمایت میں اپنے نظریات کو بیان کیا ہے اور اس پر ہمیں فخر ہے۔

سری لنکا کے صدر مہیندر راجا پاکسہ نے دہشت گردوں کے ساتھ مقابلہ اور مسلمانوں کی حمایت کے سلسلے میں کوششوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا: سری لنکا کی حکومت دہشت گردی کا شکار ہونے والے مسلمانوں کو ان کے اپنے علاقوں میں آباد کرنے میں کامیاب ہوگئی ہے۔

سری لنکا کے صدر نے کہا: ایران اور سری لنکا کے روابط ماضی کی طولانی تاریخ پر استوار ہیں اور ہم ایران کی حمایت اور مدد پر شکریہ

ادا کرتے ہیں اور تمام شعبوں میں اقتصادی روابط کو فروغ دینے کے لئے تیار ہیں۔